© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

## حضرت حافظ حکیم محمد حنیف اللہ رحمۃ اللہ علیہ

حضرت امیر شریعت رحمۃ اللہ علیہ کے معالج، حضرت حکیم عطاء اللہ خان رحمۃ اللہ علیہ کے فرزندِ ارجمند اور خاندانِ امیر شریعت کے محسن حضرت حافظ حکیم محمد حنیف اللہ ۱۸ ، شوال ۱۴۱۹ھ مطابق ٦، فروری ۱۹۹۹ء بروز ہفتہ صبح چھے بجے ملتان میں انتقال فرما گئے۔ ان کی نماز جنازہ سپورٹس گراؤنڈ ملتان میں حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب دامت برکاتہم نے پڑھائی۔ علماء، دینی مدارس کے طلباء اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے حضرات کی بڑی تعداد نمازِ جنازہ میں شریک ہوئی۔ حضرت حکیم صاحب کو ان کے مُربی و محسن حضرت امیر شریعت کے جوار میں سپردِ خاک کیا گیا۔ مرحوم پاکستان کے مایہ ناز طبیب، عالم دین، حافظ قرآن اور صاحب نسبت بزرگ تھے۔ علماء و مشائخ کے خادم اور قرآن کریم کے عاشق تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے اور حسنات قبول فرما کر جوارِ رحمت عطا فرمائے۔ (آمین)

## سید محمد یونس شاہ مرحوم:

مدیر نقیب ختم نبوت سید محمد کفیل بخاری کے چچا سید محمد یونس شاہ صاحب ۱۳ فروری بروز ہفتہ لاہور میں انتقال کر گئے۔ مرحوم کو دل کا شدید دورہ پڑا، وہ جانبر نہ ہو سکے اور خالقِ حقیقی سے جا ملے۔

## میاں محمد اسلم جان مجدّدی رحمۃ اللہ:۔

مجلس احرارِ اسلام لاہور کے رہنما میاں محمد اویس کے نانا اور ہمارے قدیم مہربان و کرم فرما میاں محمد اسلم جان مجدّدی ۱۳، فروری ۱۹۹۹ء بروز ہفتہ لاہور میں انتقال کر گئے۔ مرحوم جید عالم دین اور جامعہ فتحیہ لاہور کے سرپرست تھے۔ دینی مدارس اور دینی جماعتوں کے معاون تھے۔ اخلاص و للّٰہیت کا نمونہ کامل تھے۔ مجلس احرارِ اسلام ہند کے خازن حضرت میاں محمد رفیق اور میاں قمر الدین رحمھم اللہ کے خاندان کی آخری نشانی تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبرِ جمیل عطا فرمائے (آمین)

## مولانا سید محمد طیب شاہ ھمدانی رحمۃ اللہ:۔

ممتاز عالم دین مولانا سید محمد طیب شاہ ھمدانی گزشتہ ماہ قصور میں انتقال کر گئے۔ مرحوم، جانشین امیر شریعت حضرت مولانا سید ابو معاویہ ابوذر بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے ہم سبق تھے۔ تمام عمر خدمت اسلام میں مشغول رہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور حسنات قبول فرمائے۔ سیأت معاف فرمائے اور پسماندگان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کو صبر عطا فرمائے۔ (آمین)

## صوفی محمد شفیع مرحوم:-

مجلس احرار اسلام کے قدیم اور ایثار پیشہ کارکن جناب صوفی محمد شفیع ۹، فروری ۱۹۹۹ء بروز منگل ملتان میں انتقال کر گئے۔ وہ مغیرہ یونانی دواخانہ کے مالک حکیم حافظ فتح محمد صاحب کے والد تھے۔ مرحوم انتہائی خود دار، مزدوری کر کے رزق حلال کمانے والے، راسخ عقیدہ و ایمان کے حامل اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے بے پناہ محبت کرنے والے انسان تھے۔ تقریباً ۷۶ برس عمر پائی۔ طویل عرصہ سے دمہ اور دیگر عوارض میں مبتلا تھے۔ تاہم انہوں نے نہایت صبر و شکر اور استقامت کے ساتھ زندگی کے سانس پورے کئے اور اپنے رب کے حضور پیش ہو گئے۔ حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا۔

## والدہ محمد امیر صاحب:-

مدرسہ معمورہ، موضع جھینا (میلسی) کے ناظم اور مجلس احرارِ اسلام کے کارکن جناب محمد امیر صاحب کی والدہ ماجدہ گزشتہ ماہ رحلت فرما گئیں۔

اراکین ادارہ تمام مرحومین کی مغفرت کی دعاء کرتے ہیں اور پسماندگان سے اظہارِ تعزیت کرتے ہیں۔ قارئین سے درخواست ہے کہ وہ بھی ایصال ثواب اور دعاء مغفرت کا اہتمام فرمائیں۔ (ادارہ)

## حافظ محمد نعیم الحق نعیم:

معروف اہل حدیث عالم دین اور ہفت روزہ ''الاعتصام'' لاہور کے مدیر حافظ محمد نعیم الحق نعیم گزشتہ ماہ ریل کے حادثہ میں جاں بحق ہو گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور اپنے جوارِ رحمت میں جگہ عطاء فرمائے۔ اراکین ادارہ، مرحوم کے لواحقین اور الاعتصام کے عملۂ ادارت سے اظہار ہمدردی کرتے ہیں اور ان کے غم میں شریک ہیں۔

## دعاء صحت

### قائد احرار حضرت سید عطاء المحسن بخاری کی شدید علالت

ابن امیر شریعت قائد احرار حضرت سید عطاء المحسن بخاری دامت برکاتہم گزشتہ ماہ سے تاحال شدید علیل ہیں۔ احباب و کارکنان احرار اور قارئین سے درخواست ہے کہ حضرت شاہ جی کی صحت یابی کے لئے خصوصی دعاء کا اہتمام فرمائیں۔

اللہ تعالیٰ انہیں شفاء کاملہ عطاء فرمائے اور قافلۂ احرار ان کی قیادت میں سرگرم عمل رہے۔ (آمین)

© rasailojaraid.com